انسرجنسی صرف فوج اور ریاست تک محدود نہیں، یہ ہم سب کی لڑائی ہے، بڑھتے ہوئے غیر ترقیاتی اخراجات پر قابو پانا ہوگا، عام آدمی کی بہتری کیلئے ہم سب نے مل کر کام کرنا ہے، حلف لے کر کے اس پر بتدریج عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے، آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کے لئے نیک نیتی سے کام کریں گے، سمت کا تعین کر کے صوبے میں اچھی طرز حکمرانی کی عملی مثال قائم کریں گے صوبے میں کوئی نوکری نہیں بکے گی، وزراء اپنے اپنے محکموں کے انچارج ہیں، امور پر کڑی نظر رکھیں ہر محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے کے پی آئی ٹیمیں کے کارکردگی کا جائزہ لیکر مزید بہتری کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے، میرٹ پر کوئی سمجھوتہ قابل قبول نہیں، ایکٹنگ چارج کی روایات ختم کر کے حتمی کریں گا اور حتمی پوسٹ کے لئے تعیناتیاں کریں گے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں تمام وزراء اور مشیران کا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پر اعتماد کا اظہار، بلوچستان کی ترقی، گڈ گورننس کے قیام کے لئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بہتر طرز حکمرانی کا قیام اولین ترجیح ہے کابینہ کی تشکیل تمام جماعتوں کی مشاورت سے ہوئی اس لیے کچھ تاخیر ہوئی، مخلوط حکومت میں اس طرح کے مسائل رہتے ہیں حلف اٹھانے والے وزراء کو آج شام تک قلمدان دے دیے جائیں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو گورنر ہاؤس میں حلف برداری کی تقریب کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزراء حاجی علی مدد جتک، میر صادق عمرانی، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند بھی موجود تھے، سیکیورٹی صوبے کا سب سے بڑا چیلنج ہے، دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنے ہوں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کیسی صورتحال میں ضرورت پڑی تو وفاق سے بات کریں گے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نو منتخب صوبائی کابینہ کے تعارفی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 1 Dated: Page No. 13

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTi

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 719 QUETTA Saturday April 20, 2024 /Shawwal, 11 1445

*14-member Balochistan cabinet sworn in*

# Bugti considers good governance as big challenge

**Staff Report**

QUETTA: Chief Minister Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti on Friday termed the good governance as big challenge vowing that good governance will be the identity of the incumbent government.

Good governance is the biggest challenge of Balochistan. We have proposed 60 recommendations to bring tangible reforms and improve the governance in Balochistan, he said while addressing the newly sworn-in provincial cabinet members at CM Secretariat here. After consultation with the provincial cabinet, the reform process will be finalized. He said that responsibility rests on the shoulders of the provincial cabinet and elected representatives at the parliament to put the province on the track to prosperity.

About the rising insurgency in the province, the CM emphasized that It is not the fight of State and Army alone; we have to battle this menace collectively. Those who died in recent Noshki ghastly incident were our martyrs and the perpetrators are open terrorist, the Chief Minister while vowing to take stern action against the miscreants clarified the government policy about the miscreants and insurgency. CM Bugti underlined the significance of good governance as saying we will set an example of the good governance where no government job will be sold out and where the elected members will take practical steps for the welfare and uplift of the people of the province. Urging minister to keep eye on the affairs of their respective departments, the CM said Ministers are the heads of their department, they must ensure departments are functional and serving an ordinary man.

Key Performance Indicators (KPI) will be established to evaluate the performance of every government department. Reiterating government resolve, Sarfaraz Bugti noted that there will be zero tolerance policy on corruption and corrupt practices. We will not compromise on merit and uphold the policy of accountability. The provincial cabinet, on the occasion, reposed their trust in the leadership of the CM Balochistan Mir Sarfaraz Bugi and reaffirmed their commitment to pursue the vision of Chief Minister Balochsitan. Earlier, the provincial cabinet offered fateha for the Noshki martyrs.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 20 APR 2024 Page No. 14


## بلوچستان میں ضمنی انتخابات کیلئے پولنگ 21 اپریل کو ہوگی، صوبائی الیکشن کمشنر

**پولنگ صبح 8 سے شام 5 بجے تک جاری رہے گی، سیکورٹی کیلئے پولیس اور لیویز کی خدمات حاصل کی گئی ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان محمد فرید آفریدی نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 20 خضدار III، پی بی 22 لسبیلہ اور پی بی 50 قلعہ عبداللہ میں ضمنی انتخابات کیلئے پولنگ 21 اپریل 2024 کو ہوگی جس کیلئے تمام تیاریاں مکمل ہیں۔ حلقہ پی بی 20 خضدار III میں پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 100 ہے جن میں سے مرد پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 4، خواتین پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 3 اور 93 مشترکہ پولنگ اسٹیشنز ہیں۔ حلقے کے تمام 100 پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے۔ حلقے میں پولنگ بوتھ 301 ہیں جن میں سے مرد پولنگ بوتھ کی تعداد 160 اور خواتین پولنگ بوتھ کی تعداد 141 ہے۔ حلقے میں رجسٹرڈ ووٹر کی تعداد 93425 ہے جن میں 52777 مرد اور 40648 خواتین ووٹرز ہیں۔ حلقہ پی بی 22 لسبیلہ میں پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 129 ہے جن میں سے مرد پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 27، خواتین پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 27 اور 75 مشترکہ پولنگ اسٹیشنز ہیں۔ حلقے میں 70 نارمل پولنگ اسٹیشنز، 59 پولنگ اسٹیشنز حساس جبکہ کوئی بھی پولنگ اسٹیشنز انتہائی احساس نہیں، حلقے میں پولنگ بوتھ 366 ہیں جن میں سے مرد پولنگ بوتھ کی تعداد 200 اور خواتین پولنگ بوتھ کی تعداد 166 ہے۔ حلقے میں رجسٹرڈ ووٹر کی تعداد 139068 ہے جن میں سے 76325 مرد ووٹرز اور 26743 خواتین ووٹرز ہیں۔ حلقہ پی بی 50 قلعہ عبداللہ میں ٹوٹل پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 125 ہے جن میں سے مرد پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 22، خواتین پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 22 اور 81 مشترکہ پولنگ اسٹیشنز ہیں۔ حلقے میں 47 پولنگ اسٹیشنز حساس اور 78 پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے۔

## بی ایم سی میں کرپشن کی ہوشربا کہانیاں، قیمتی سامان غائب

**کروڑوں روپے کی ادویات زائد المیعاد، انٹی کرپشن نے دیگر ہسپتالوں کا ریکارڈ بھی طلب کرلیا**

کوئٹہ (نسیم حمید یوسف زئی / اسٹاف رپورٹر) بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں کرپشن اور بدعنوانی کی تحقیقات میں مزید اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ اینٹی کرپشن نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے شیخ زید سول ہسپتال اور ٹراما سنٹرز میں مشینری کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ دوسری جانب بی ایم سی ہسپتال کرپشن میں ملوث افراد نے بچاؤ کیلئے بااثر شخصیات سے رابطے شروع کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر اینٹی کرپشن نے سی ٹی اسکین مشین اور کورونا میں فراہم کئے جانے والے درجنوں وینٹی لیٹرز کے قیمتی پرزے غائب کر دیئے گئے جبکہ کروڑوں روپے مالیت کی زائد المیعاد ادویات اسٹورز اور گودام میں موجود ہونے کی تحقیقات کا آغاز کیا ہے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں کرپشن اور بدعنوانی کی ابتدائی تحقیقات میں اہم انکشافات سامنے آنے بعد اعلیٰ حکام کی منظوری پر اینٹی کرپشن ٹیم نے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے شیخ زید ہسپتال، سول ہسپتال اور ٹراما سنٹر مشینری کے حوالے سے بھی ریکارڈ طلب کرلیا ہے ذرائع نے بتایا کہ مشینری کے پرزہ جات کی چوری میں اہم شخصیات اور ہسپتال میں موجود مافیا کے ملوث ہونے کے بھی شواہد ملے ہیں جنہوں نے پرائیویٹ ہسپتالوں کے مالک کی ملی بھگت سے سرکاری ہسپتالوں کی مشینریز کے پرزہ جات غائب کئے جس سے پرائیویٹ ہسپتالوں کو فائدہ پہنچا۔

## ریکوڈک منصوبے میں سعودی دلچسپی خوش آئند ہے، سینیٹر عبدالقادر

**حصص خریدنے کیلئے تیار، سعودی عرب ممکنہ طور پر ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کریگا**

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پیٹرولیم و ریسورسز سینیٹر محمد عبدالقادر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سعودی عرب اربوں ڈالر کے ریکوڈک منصوبے میں حصص خریدنے کے لئے تیار ہے اور ممکنہ طور پر وہ ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کریگا۔ اس حوالے سے رکی ڈیل موجودہ مالی سال میں متوقع ہے لیکن یہ اسی وقت ہوگا جب خلیجی تعاون کونسل کے ممالک سے فری ٹریڈ ایگریمنٹ طے پاجائے گا جس میں باہمی سرمایہ کاری کا معاہدہ بھی ہوگا اور غالباً اس موقع پر ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان پاکستان کا دورہ بھی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان اور بیرک گولڈ کے بارے میں توقع ہے کہ یہ برابر برابر لیکن اقلیتی حصص سعودی عرب کے بڑے گروپ کو بیچیں گے اور یہ حصص 10 سے 30 فیصد کے درمیان ہوں گے۔ یہ توقع کی جارہی ہے کہ دونوں فریقین سعودی عرب کو برابر برابر شیئر فروخت کریں گے تاکہ ریکوڈک کے پراجیکٹ میں حکومت پاکستان اور بیرک گولڈ دونوں کے حصص کی تعداد برابر رہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان سے چلنے والی بند ٹرینوں کی بحالی اولین ترجیح ہوگی، سیدال ناصر

**ڈپٹی چیئرمین سینٹ کا سابق ناظم جاوید احمد خان کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے کہا بلوچستان سے چلانے والی بند ٹرینوں کی بحالی اولین ترجیح ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے اپنے اعزاز میں ریلوے کالونی کوئٹہ میں ایک پروقار استقبالیہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا، استقبالیہ کا اہتمام سابق ناظم ضلع کوئٹہ جاوید احمد خان کی جانب سے ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر کے اعزاز میں کیا گیا، اس موقع پر مسلم لیگ ن کے ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

سرگرم کارکنان اور ریلوے کے ملازمین کی بڑی تعداد موجود تھی، ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے ریلوے کالونی کینوں اور سابق ناظم جاوید احمد خان کو یقین دلایا کہ بلوچستان سے چلانے والی بند ٹرینوں کی بحالی اولین ترجیح ہوگی، بند ٹرینوں کیلئے سینٹ کے فلور پر آواز اٹھاؤنگا۔ ریلوے کالونی میں رہائش پذیر ملازمین کو درپیش مسائل سے آگاہ ہوں اور اس کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرونگا۔ اس موقع پر سابق ناظم جاوید احمد خان نے ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر کا شکریہ ادا کیا۔

## نئی صوبائی کابینہ انتہائی باصلاحیت اور مخلص وزراء پر مشتمل ہے، سپیکر اسمبلی

**امید ہے نئی کابینہ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کی ترقی کیلئے صلاحیتیں بروئے کار لائیگی، غزالہ گولہ**

کوئٹہ (خ ن) قائمقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی میڈم غزالہ گولہ نے صوبائی کابینہ کو حلف اٹھانے پر مبارکباد دی ہے قائمقام اسپیکر نے کہا کہ نئی صوبائی کابینہ انتہائی باصلاحیت اور مخلص وزراء پر مشتمل ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئی کابینہ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کی معاشی و سماجی ترقی کیلئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیگی انہوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ عوامی امنگوں پر پوری اترے گی اور صوبے میں خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا میڈم غزالہ گولہ ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ ملکی بقاء و سلامتی کیلئے کابینہ کے ساتھ ساتھ تمام ممبران اسمبلی اپنا کردار ادا کرینگے۔

CamScanner

## ہرنائی کوئٹہ شاہراہ چھوٹی بڑی گاڑیوں کے لیے بحال کردی گئی

**سیلاب متاثرہ افراد کے نقصانات کا جائزہ سروے کر کے رپورٹ پیش کی جائے، نور محمد دمڑ کی ہدایت**

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلعی انتظامیہ ہرنائی کو فوری طور پر قومی شاہراہوں کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کردی۔ صوبائی وزیر کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد جاوید ڈوکی نے محکمہ پی اینڈ ار کے افسران اور بھاری مشینری کے ہمراہ ہرنائی کوئٹہ شاہراہ کی بحالی کے لیے زرداو کے مقام پر پہنچ گئے اور ہرنائی کوئٹہ شاہراہ جو گزشتہ سات دنوں سے بارشوں اور ندی نالوں میں سیلابی ریلے آنے کے باعث بند تھی کو مکمل طور پر چھوٹی بڑی گاڑیوں کے لیے بحال کر دیا اور ندی نالوں میں پھنسے کوئلہ سے لوڈ ٹرکوں کو زرداو ندی سے پار کرالیا۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ڈپٹی کمشنر ہرنائی کو ہدایت کی کہ ضلعی ہرنائی کے تمام محکموں کو فعال بنا کر عوامی مشکلات حل کرے عوامی مسائل سے غافل کسی بھی آفیسر کو ضلع میں رہنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے اعتماد کر کے بھاری اکثریت سے کامیاب کیا ہے عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ ڈپٹی کمشنر ہرنائی کو سیلاب متاثرہ حفاظتی بندات کا دورہ کرنے اور متاثرہ بندات کی ہنگامی بنیادوں پر تعمیر کرنے اور سیلاب متاثرہ افراد کے نقصانات کا سروے کر کے رپورٹ ارسال کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔

## موجودہ کابینہ تجربہ کار اراکین اسمبلی پر مشتمل ہے، نو منتخب وزراء

**عوام اور وزیراعلیٰ کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، نور محمد دمڑ، سردار کھیتران**

**وزراء عوامی مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، بخت محمد کاکڑ، میر ضیاء لانگو**

کوئٹہ (اے این این) نو منتخب صوبائی وزراء سردار عبدالرحمٰن کھیتران، بخت محمد کاکڑ، حاجی نور محمد دمڑ، میر ضیاء لانگو اور میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے جس امید کے ساتھ ہم پر اعتماد کر کے وزرات کا قلمدان سونپا گیا ہم اس کی اعتماد کو برقرار رکھتے ہوئے عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ہر حوالے سے کوشش کرینگے موجودہ کابینہ تجربہ ......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کار اراکین اسمبلی پر مشتمل ہے امید ہے کہ اس دفعہ بلوچستان کی پسماندگی کا خاتمہ اور عوام کی مسائل حل کرنے میں بھر پور کردار ادا کرینگے' یہ بات انہوں نے حلف اٹھانے کے بعد الگ الگ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم سب سے پہلے عوام کا شکر گزار ہے کہ انہوں نے ہمیں منتخب کر کے اسمبلی پہنچا دیا اور اس کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان کا مشکور ہے جنہوں نے ہم پر اعتماد کر کے وزرات دی گئی ہم آج عوام اور وزیراعلیٰ کو یقین دہانی کراتے ہیں کہ ان کی اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے بلکہ ملکر عوامی مسائل حل کرنے کیلئے بھر پور کوشش کرینگے انہوں نے کہا کہ آج خوشی کا مقام ہے کہ آج صوبائی کابینہ مکمل ہو گیا ہے اور ہم نے بحیثیت وزیر حلف اٹھا کر یہ وعدہ کیا کہ ہم عوامی مسائل حل ملک کی استحکام اور صوبے کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرینگے انہوں نے کہا کہ ہم عوام کو یقین دہانی کرتے ہیں کہ اس دفعہ صوبائی کابینہ میں جن لوگوں کو شامل کیا وہ عوامی مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور ہمارے پاس تجربہ بھی ہے اور ہم اس بار عوام کو اس بار مایوس نہیں کرینگے اور خطے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرینگے۔

MASHRIQ QUETTA

## دہشتگردوں سے مذاکرات نہیں ہونگے اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائیگا، اعظم نذیر تارڑ

**پی ٹی آئی حکومت نے دہشتگردوں کو دوبارہ آباد کیا، آئینی سربراہ کے خطاب کے دوران جو رویہ اختیار کیا گیا وہ شرمناک تھا**

**بلوچستان حکومت نوشکی حملے میں ملوث افراد کو سزا دینے کیلئے اقدامات کر رہی، وفاق بھی مدد میں پیش پیش ہے، وفاقی وزیر قانون**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے واضح کیا ہے دہشتگردوں سے مذاکرات نہیں ہوں گے، اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائیگا، دہشتگردوں کو پی ٹی آئی حکومت نے دوبارہ آباد کیا، بلوچستان کی حکومت نوشکی حملے میں ملوث افراد کو سزا دینے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، وفاقی حکومت بھی حکومت بلوچستان کی مدد میں پیش پیش ہے، لا اینڈ آرڈر صوبوں کی ذمہ داری ہے اور وفاقی حکومت ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ہمہ وقت دستیاب ہے، آئینی سربراہ کے خطاب کے دوران جو رویہ اختیار کیا گیا وہ شرمناک تھا، قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا مجھے حیرت اس بات کی ہے قانون پڑھایا کہاں سے جا رہا ہے، اس طرف سے قانون اور پارلیمانی روایات کا جو حال کیا گیا وہ سب کے سامنے ہے، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کشمور میں بھی سندھ پولیس کام کر رہی ہے، سندھ پولیس نے آپریشن شروع کر دیا، وفاقی ایجنسی بھی مدد میں حاضر ہیں، بد قسمتی سے 4 دہائیوں سے پاکستان دہشتگردی کے نشانے پر ہے اسی ایوان میں سکیورٹی بریفنگ بھی کرائی گئی تھی، جوان جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، حکومت کا عزم ہے دہشتگردوں سے مذاکرات نہیں ہوں گے، ان کو ان کی زبان میں جواب دیا جائے گا، اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے گا۔

## نادہندگان سے مجموعی طور پر 3 ارب 46 کروڑ 40 لاکھ روپے وصول، کیسکو

**ڈیٹیکشن و جرمانے کی مد میں اب تک 55 کروڑ 86 لاکھ 27 ہزار روپے وصول کئے**

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی ہدایات پر کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی ٹیمیں صوبہ بھر میں نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کر رہی ہیں۔ اس سلسلے میں کیسکو کے زیر انتظام صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت پشین، لورلائی، سبی، خضدار اور مکران آپریشن سرکلو میں بجلی چوروں ماہ ستمبر ......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سے اب تک قانونی کارروائی کیلئے مختلف پولیس اسٹیشنوں میں 5 ہزار 8 8 4 تحریری درخواستیں ارسال کر دی گئیں ہیں جبکہ بجلی چوروں کے خلاف اب تک 589 ایف آئی آرز بھی درج کئے جا چکے ہیں۔ اس کے علاوہ خصوصی مہم کے دوران کیسکو نے اب تک صوبہ کے تمام آپریشن سرکلو میں بجلی میٹروں کو شفٹ کئے جانے والے 2 2 ہزار 4 5 5 گھریلو، 7 ہزار 6 5 7 کمرشل، 0 9 2 2 زرعی اور 467 صنعتی صارفین کے کنکشنز منقطع کر کے بعد ازاں اُن پر جرمانے عائد کر دیئے اور مجموعی طور پر ایک کروڑ 7 1 لاکھ 4 1 ہزار بجلی یونٹ ڈیٹیکشن کی مد میں چارج کیئے گئے جبکہ چارج شدہ بجلی یونٹس کی قیمت تقریباً 60 کروڑ 16 لاکھ 7 2 ہزار روپے بنتی ہے جن میں سے کیسکو نے 55 کروڑ 86 لاکھ 27 ہزار روپے وصول کئے جا چکے ہیں۔ علاوہ ازیں روزانہ کی بنیاد پر نادہندگان سے بجلی بلوں کی مد میں بقایاجات کی وصولی کا عمل بھی جاری ہے اور اس سلسلے میں ماہ ستمبر سے اب تک کیسکو ٹیموں کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت پشین، لورلائی، سبی، خضدار اور مکران آپریشن سرکلو میں بقایاجات کی مد میں 2 لاکھ 27 ہزار 567 نادہندہ صارفین سے تقریباً 3 ارب 46 کروڑ 40 لاکھ روپے بھی وصول کئے گئے ہیں۔

CamScanner

# پیدائش کے فوراً بعد ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکے بیماریوں سے بچاؤ کا اہم ذریعہ ہیں، سیکرٹری صحت

ضلعی ہیلتھ آفیسرز اور ڈپٹی ضلعی ہیلتھ آفیسرز کی موثر حکمت عملی اپنانے سے علاقائی سطح پر ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکوں کے مقرر کردہ اہداف کو حاصل کیا جا سکتا ہے

[illegible] عبداللہ خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری صحت بلوچستان عبداللہ خان کی زیر صدارت بلوچستان کے ڈسٹرکٹس کے ہیلتھ آفیسرز کی ای پی آئی ویکسینیشن کا جائزہ اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر فاروق ہوت، ایڈیشنل سیکرٹری صحت عارف خان، صوبائی کوارڈینیٹر ای پی آئی ڈاکٹر کمالان گچکی، ڈائریکٹر ایڈمن بلوچستان ہیلتھ کارڈ ڈاکٹر احمد ولی، صوبائی کوارڈینیٹر کوویڈ پراجیکٹ ڈاکٹر نقیب اللہ خان، ڈپٹی سیکرٹری ریاست علی، ڈپٹی ڈائریکٹر ای پی آئی ڈاکٹر ظفر خوستی، ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر رحمت اللہ کاکڑ، اسٹاف آفیسر سیکرٹری صحت شوکت بلوچ و دیگر معاونین نے موجود تھے۔ اجلاس میں قلعہ عبداللہ، چمن، لسبیلہ، کوئٹہ، اوستہ محمد، نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، پشین، حب، لورالائی، ژوب، گوادر، کیچ اور حب کے ضلعی ہیلتھ آفیسرز، ڈپٹی ضلعی ہیلتھ آفیسرز نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد صوبے کے مختلف اضلاع میں ای پی آئی کے زیر انتظام حفاظتی ویکسین اور ضلعی ہیلتھ آفیسرز کی کارکردگی کا جائزہ لینا اور خامیوں کو دور کرنے کے لئے اقدامات تجویز کرنا تھا۔ صوبائی کوارڈینیٹر ای پی آئی ڈاکٹر کمالان گچکی نے سیکرٹری صحت کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کے تعاون سے کرائے گئے ٹی پی وکس سروے کے مطابق پہلی مرتبہ بلوچستان کے اضلاع میں 89 % پارشل ویکسینیشن کے اہداف حاصل کر لیے گئے۔

Century Express Quetta

# ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ترجیح ہے، قمبر دشتی

انفراسٹرکچر کی بہتری سے ترقی ملے گی، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات قمبر دشتی کی زیر صدارت مالی سال 2023-24 میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ٹیکنیکل ایڈوائزر مختیار کاکڑ ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل واجہ نعمت بلوچ کے علاوہ محکمہ پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو صوبے میں جاری مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی گئی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مالی سال کے اندر وقت مقررہ یا اس سے بھی پہلے مکمل کرنا محکمہ کی اولین ترجیح ہونی چاہیئے انہوں نے کہا کہ انفراسٹرکچر کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی بدولت صوبے میں ترقی اور خوشحالی آئے گی ہماری اولین ترجیح ہے تمام متعلقہ انجینئرز آفیسران اپنے اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں کو اپنے وقت مقررہ سے بھی پہلے مکمل کریں تاکہ صوبے کے دور افتادہ علاقوں کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد میسر ہوں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ان اضلاع پر مثبت اثرات مرتب ہونے کے ساتھ ساتھ ان علاقوں کی پسماندگی دور کرنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی۔ انفراسٹرکچر کی بہتری سے ہی صوبہ ترقی کی جانب گامزن ہوگا اور منصوبوں کی تکمیل سے ان اضلاع میں ترقی اور خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوگا انفراسٹرکچر کی بہتری سے عوام اور صوبے پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔

# پولیو مہم میں کوتاہی برداشت نہیں کرینگے، جمیل بلوچ

والدین پولیو کے قطرے پلانے والی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

کچھی (خ ن) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) عبدالستار مینگل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) اسداللہ، ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر عبدالرحیم بگٹی، کوآرڈینیٹر ڈبلیو ایچ کچھی، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی۔ پی۔ ایچ۔ آئی کچھی طارق شہباز، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈھاڈر ڈاکٹر سیف اللہ خان، ڈی ایس پی ڈھاڈر، انچارج لیویز فورس ڈھاڈر سمیت دیگر آفیسران موجود تھے۔ اس موقع پر ڈی ایچ او نے اجلاس کو 29 اپریل سے شروع ہونے والی 5 روزہ انسداد پولیو مہم کے متعلق محکمے کی جانب سے کیے گئے اقدامات کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ نے کہا کہ ضلع بھر میں پولیو مہم کو کامیاب بنانے کیلئے محکمہ صحت کی ٹیمیں کڑی محنت سے کام کریں پولیو مہم کے دوران ضلعی آفیسران دلجوئی کے ساتھ مانیٹرنگ کریں نہ صرف یہی بلکہ مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی ہرگز نہیں ہونی چاہیے اس سلسلے میں والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لیے آنے والی ٹیموں کے ساتھ اپنے تعاون کو یقینی بنائیں اس وباء کے خاتمے کے لیے ہمیں ٹھوس منصوبہ بندی کے تحت کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 APR 2024 Page No. 17

# ایران سے سیلابی ریلہ چمن میں داخل، بلوچستان میں مزید تباہی، قومی شاہراہیں، پل، درجنوں کشتیوں کو نقصان

فصلیں اور مواصلاتی نظام تباہ

**چمن میں ایران سے آنے والے سیلابی ریلے نے تباہی مچا دی، گلی محلوں میں سیلابی پانی سے تباہی، کچے مکانات کو نقصان پہنچا۔ پاکستان کے امیگریشن دفاتر بھی زیر آب آگئے اور مواصلاتی نظام بری طرح متاثر**

**بی، سنجاوی، قلات، لورالائی، گوادر میں سیلابی صورتحال ہے صوبے کے 7 مختلف مقامات پر سیلابی ریلوں نے قومی شاہراؤں اور ایک پل کو نقصان پہنچایا۔ پسنی میں 80 سے زائد کشتیوں کو نقصان پہنچا**

**ضلع شیرانی میں طوفانی بارش اور ژالہ باری نے تباہی مچادی، دالبندین میں سیلابی ریلے سے ایک شخص کی لاش برآمد، خاران شہر و گرد و نواح میں ش کے بعد ندی نالوں میں طغیانی و سیلابی ریلوں کی آمد شروع ہوگئی**

**سیلابی ریلوں نے یونین کونسل پھوڑ میں تباہی مچادی، سینکڑوں ایکڑ اراضی، گندم چنا کی فصل مکمل طور پر سیلابی پانی و بارش کی نذر ہوگئے، گوادر میں پاک آرمی اور سول انتظامیہ کے مشترکہ امدادی سرگرمیاں جاری**

**بارشوں سے متاثرہ اضلاع میں ریسکیو اور ریلیف آپریشن جاری ہے، ترجمان صوبائی حکومت۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں مزید طوفانی بارشوں کا امکان ہے، محکمہ موسمیات**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں طوفانی بارشوں نے تباہی مچا کا سلسلہ جاری۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا سلسلہ تا حال جاری ہیلوچستان کے سرحدی شہر چمن میں ایران سے آنے والے سیلابی ریلے نے تباہی مچادی۔ چمن کے گلی محلوں میں سیلابی پانی سے تباہی پھیل گئی اور کچے مکانات کو نقصان پہنچا۔ پاکستان کے امیگریشن دفاتر بھی زیر آب آگئے اور مواصلاتی نظام بری طرح متاثر ہوگیا۔ اس کے علاوہ مستونگ اور گرد و نواح میں وقفے وقفے سے بارش جاری ہے جس سے ندی نالوں میں طغیانی ا؟ گئی اور پانی گھروں......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

میں داخل ہوگیا۔ بیشتر دیہات کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا جبکہ متاثرہ علاقوں میں پاک فوج اور ریسکیو جوان امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ گوادر میں تین روز بعد بھی گھروں اور تعلیمی اداروں سے پانی نہیں نکالا جاسکا۔ بی، سنجاوی، قلات، لورالائی، گوادر میں سیلابی صورتحال ہے صوبے کے 7 مختلف مقامات پر سیلابی ریلوں نے قومی شاہراؤں اور ایک پل کو نقصان پہنچایا۔ پسنی میں 80 سے زائد کشتیوں کو نقصان پہنچا ایران سے سیلابی ریلے پاکستان میں داخل ہو گئے جس سے مزید تباہی کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ ترجمان حکومت بلوچستان کا کہنا ہے کہ بارشوں سے متاثرہ اضلاع میں ریسکیو اور ریلیف آپریشن جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں مزید طوفانی بارشوں کا امکان ہے۔ جس سے نشیبی علاقے زیر آب اور ندی نالوں میں طغیانی کا امکان ہے۔ دریں اثنا ضلع شیرانی میں طوفانی بارش اور ژالہ باری نے تباہی مچادی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع شیرانی کے علاقے مانی خواہ، سرکی، استشی اور متصل علاقوں میں تیز آندھی اور گرج کے ساتھ موسلا دھار طوفانی بارش اور ژالہ باری نے پورے علاقے کو لپیٹ میں لیا ہے۔ بارش کا سلسلہ تا حال جاری ہے۔ بلوچستان کے ضلع چاغی کی تحصیل دالبندین میں سیلابی ریلے سے ایک شخص کی لاش برآمد کرلی گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں دریا بولو میں بہہ جانے والے شخص کی نعش کو اہلیان علاقہ نے نکال دیا ہے، جسے شناخت کے لئے پرنس فہد ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دریں اثنا خاران شہر و گرد و نواح میں گرج چمک کے بعد موسلا دھار بارشوں کا سلسلہ جاری ہے بارش کے بعد ندی نالوں میں طغیانی و سیلابی ریلوں کی آمد شروع ہو گئی کمشنر رخشان ڈویژن شاہ عرفان احمد غرشین اور ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد نے گذشتہ رات گئے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے سیلابی صورتحال کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سیلابی ریلوں سے لوگوں کو محفوظ بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اور مختلف نشیبی علاقوں میں حفاظتی بندات پر ہیوی مشینری سے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے پورے رخشان ڈویژن میں طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال سے متعلق انتظامیہ کو الرٹ کر دیا ہے انہوں نے لوگوں سے التجاء کی ہے کہ غیر ضروری سفر اور برساتی ندی نالوں کو کراس کرنے سے گریز کریں لوگ کسی بھی ہنگامی صورتحال پر اپنے متعلقہ علاقہ انتظامیہ سے بروقت رابطہ کریں۔ دریں اثنا یونین کونسل پھوڑ کے چیئرمین عبدالستار ہنگوئی یونین کونسل جلال خان کے وائس چیئرمین نوید بلوچ نے کہا ہے کہ حالیہ طوفانی بارشوں کے بعد دریائے ناڑی کے سیلاب نے یونین کونسل پھوڑ اور یونین کونسل جلال خان میں بڑے پیمانے پر تباہی مچادی ہے کروڑوں روپے کی کھڑی گندم اور چنے کی فصل ملیامیٹ ہوگئی، دریں اثنا گوادر میں پاک آرمی اور سول انتظامیہ کے مشترکہ امدادی سرگرمیاں جاری ہے، میڈیکل ریلیف کیمپس، نکاسی آب اور دیگر امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا گیا گوادر میں پاک آرمی اور سول انتظامیہ کے مشترکہ امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ پاک آرمی اور سول انتظامیہ کی جانب سے میڈیکل ریلیف کیمپس، نکاسی آب اور دیگر امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا گیا۔ دریں اثنا موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گوادر جیوانی، پسنی، کیچ (تربت)، آواران، چاغی (نوکنڈی، دالبندین)، پنجگور، خاران، واشک اور نوشکی میں بارش آندھی اور گرج چمک کے ساتھ چند ایک مقامات پر موسلا دھار بارش متوقع ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 20 APR 2024

Page No. 18

## تحقیق کے بغیر خبر چلا کر عزت نفس مجروح کی گئی، نواب زہری

**بیرون ملک اور کابینہ سے متعلق ناراضگی کی خبروں میں صداقت نہیں، سرفراز بگٹی کو میری حمایت حاصل ہے**

کوئٹہ (آئی این پی) سابق وزیر اعلیٰ نواب ثنا اللہ زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان کابینہ سے متعلق ناراضگی اور بیرون ملک جانے سے متعلق خبروں میں کوئی صداقت نہیں، بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، یہ پارٹی اور حکومت بھی میری ہے جسے بھرپور مضبوط و مستحکم بنانے میں اپنا کردار ادا کرونگا۔ سوشل میڈیا کا مقصد کسی کی عزت سے کھیلنا نہیں، مجھ سے متعلق بغیر کسی تحقیق کے خبر چلا کر میری عزت نفس کو مجروح کرنے کی کوشش کی گئی، سوشل میڈیا کا سہارا لینے والوں کے خلاف قانونی اور قبائلی حیثیت سے نمٹیں گے۔ ایک بیان میں نواب ثنا اللہ زہری نے کہا کہ بلوچستان کابینہ سے متعلق ناراضگی اور بیرون ملک جانے سے متعلق خبروں میں کوئی صداقت نہیں، میر سرفراز بگٹی کی وزیر اعلیٰ نامزدگی کے بعد صدر آصف زرداری نے مجھ سے رابطہ کیا میں نے اسی دن انہیں آگاہ کیا کہ پارٹی کا جو فیصلہ ہے وہ تسلیم کرتے ہیں، صدر زرداری کو آگاہ کیا کہ پارٹی کی کامیابی کیلئے ایک ورکر کی حیثیت سے کام کرونگا، بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، پارٹی میری اور حکومت بھی میری ہے، جسے بھرپور مضبوط و مستحکم بنانے میں اپنا کردار ادا کرونگا، انہوں نے کہا کہ نامزدگی کے فوراً بعد سرفراز بگٹی کوئٹہ میں میری رہائش گاہ آئے، میر سرفراز بگٹی کو مبارکباد دی اور انہیں بتایا کہ میں کسی عہدے کا خواہش مند نہیں، میں نے بذات خود سرفراز بگٹی کیلئے بطور وزیر کاغذات نامزدگی کی تائید و تجویز کے بعد جمع کرائے، صدر آصف زرداری اور وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے کابینہ کی تشکیل سے متعلق مجھ سے مشاورت کی تھی، میری خواہش اور کوشش ہے کہ کابینہ میں نئے چہرے شامل ہوں تاکہ نوجوان قیادت پر مشتمل کابینہ کام کر سکے، میری اپنی تجویز پر ہی صوبائی کابینہ میں نئے چہرے شامل ہوئے ہیں۔ میں نے مرکزی قیادت یا میر سرفراز بگٹی کے سامنے کسی عہدے کے حصول کیلئے خواہش کا اظہار نہیں کیا، وزیر اعلیٰ اور دیگر عہدوں پر فائز رہا ہوں میری کوشش اور خواہش ہے کہ صوبے کی ترقی و خوشحالی میں نوجوان قیادت بھی آگے آئے۔

## عوامی اسمبلی کے ذریعے غیر جمہوری لوگوں کا راستہ روکیں گے، پشتونخوامیپ

**ہر ادارہ آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے فرائض سرانجام دے، زیارتوال، قہار ودان ودیگر کا خطاب**

قلعہ عبداللہ (پ ر) تحریک انصاف ضلع قلعہ عبداللہ پی بی 50 کے امیدوار ذاکر خان ترین پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے امیدوار میر وائس خان اچکزئی کے حق میں دستبردار ہو گئے، اس موقع پر پشتونخوامیپ کے سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی صدر عبدالقہار ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار امجد ترین، نعمت خان ودیگر صوبائی و ضلعی رہنماء بھی موجود تھے۔ ذاکر خان ترین نے کہا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کی اتحادی جماعت پشتونخوامیپ کے امیدوار کے حق میں وہ اپنے قائد عمران خان کی ہدایات کی روشنی میں الیکشن سے دستبرداری کا اعلان کرتے ہوئے اپنے تمام ووٹرز اور عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ووٹ میر وائس خان اچکزئی کے حق میں استعمال کرتے ہوئے ان کے انتخابی نشان درخت پر مہر لگائیں۔ اس موقع پر عبدالرحیم زیارتوال، عبدالقہار ودان اور سردار امجد ترین نے پی ٹی آئی کے بانی اور پی بی 50 کے امیدوار ذاکر خان ترین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج عوام بدترین مشکلات سے دوچار ہیں بدقسمتی سے کچھ سیاسی لوگ سورج کو انگلی سے چھپانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ پشتونخوامیپ آج ملک میں ایک ایسے اتحاد کا حصہ ہے جو ملک کے آئین کو تحفظ دینے نکلی ہے اور اس میں دیگر سیاسی جمہوری جماعتیں بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہر ادارہ اپنے آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے اپنے فرائض سرانجام دے اور سیاست میں مداخلت سے گریز کرے۔ انہوں نے کہا کہ 8 فروری کے انتخابات میں فارم 47 کے ذریعے پارٹی کی جیتی ہوئی نشستوں کو چھینا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## ملک دشمن قوتیں بلوچستان کو پاکستان سے الگ کرنا چاہتی ہیں، جمال رئیسانی

**پی ٹی آئی نے دہشت گردوں کو واپس ملک میں آباد کیا، دیگر اراکین قومی اسمبلی**

اسلام آباد (آن لائن) اقومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا کہ دشمن نے صاف عزائم ہیں دشمن خدانخواستہ بلوچستان کو پاکستان...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سے الگ کرنا چاہتا ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ چار دہائیوں سے پاکستان دہشت گردی کے نشانے پر ہے پی ٹی آئی حکومت نے دہشت گردوں کو واپس ملک میں آباد کیا نوشکی اور کشمور میں امن و امان کے حوالے توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ان عناصر کے خلاف کے اقدامات لیے جا رہے ہیں پچھلے پانچ دہائیوں سے پاکستان دہشت گردوں کے نشانے پر ہے اس ایوان میں دہشت گردی کے حوالے سے بریفنگ دی گئی دہشت گردوں کو واپس ملک میں لایا گیا حکومت کا عزم ہے کہ دہشت گردوں سے کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہوں گے دہشت گردوں کو اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے گا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 20 APR 2024 Page No. 21


## کوہلو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں ادویات کا فقدان، مریض رل گئے

### ایک کروڑ چوالیس لاکھ روپے کے ڈیمانڈ پر ابتک صرف چودہ لاکھ پچاس ہزار روپے کی ادویات فراہمی ممکن ہوسکی

### ادویات کی عدم دستیابی سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی متاثر ہورہی ہے وزیراعلیٰ نوٹس لیں

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں ادویات کی کمی کا سامنا ہے، ذرائع کے مطابق میڈیکل سپرینڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو کے بار بار درخواست پر متعلقہ وینڈرز ادویات کی ترسیل میں ناکام رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سال 24-2023 کے ادویات کی فراہمی کے سلسلے میں ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو نے اگست 2023 اور جنوری 2024 میں ادویات کی فراہمی کے سلسلے میں متعلقہ وینڈرز کو ڈیمانڈ ارسال کئے تھے مگر تاحال وینڈرز کی جانب سے ادویات کی فراہمی ممکن نہ ہوسکی۔ ذرائع کے مطابق ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال نے مجموعی طور پر 7 وینڈرز کو ایک کروڑ چوالیس لاکھ گیارہ ہزار نو سو ستائیس روپے کے ادویات کی فراہمی کا ڈیمانڈ کیا تھا جس میں ایم ایس یونیورسل ٹریڈرز کو سب سے زیادہ ایک کروڑ پچیس لاکھ سات ہزار چھ سو پانچ روپے کے ادویات کی فراہمی کا ڈیمانڈ کیا تھا جس میں سے صرف چودہ لاکھ پچاس ہزار روپے کے ادویات کی فراہمی ممکن ہوسکی ہے۔ جبکہ دیگر 6 کمپنیوں ایم ایس فوجی فلمز لیمیٹڈ کو تین لاکھ چھیاسی ہزار چھ سو روپے، ایم ایس نیو تعمیر کو پانچ لاکھ انانوے ہزار دو سو پچاس روپے، ایم ایس عرفات ٹریڈرز کو چار لاکھ اکہتر ہزار بہتر روپے، ایم ایس پفیزر لیمیٹڈ کو تین لاکھ بارہ ہزار روپے، ایم ایس ایس اے انٹرپرائزز کو پینتیس ہزار چار سو روپے جبکہ ایم ایس سراج اینڈ سنز کو گیارہ لاکھ روپے کے ادویات کی فراہمی کا ڈیمانڈ کیا جاچکا ہے ان درج بالا 6 کمپنیوں کی جانب سے تاحال کوئی بھی ادویات ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو کو فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔ ادویات کی عدم دستیابی سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں طبی سہولیات کی فراہمی میں خلل پڑ رہا ہے جہاں شہری اور ہسپتال میں علاج کے لئے آنے والے مریض پریشان ہیں وہی پر طبی عملہ بھی ادویات کی عدم دستیابی سے مشکلات کا شکار ہیں۔ ضلع بھر کے دورافتادہ علاقوں سے روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں مختلف امراض میں مبتلا افراد علاج کے لئے ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو کا رخ کرتے ہیں جہاں ادویات کی عدم دستیابی ان کے علاج معالجے میں سب سے بڑی روکاوٹ ہے


Century Express Quetta


## پنجگور میں بارش سے مکانات سمیت زراعت کو نقصان پہنچا

### ضلع کونسل کی کارکردگی بھی کہیں نظر نہیں آتی، متاثرین کی مدد کی اپیل

پنجگور (نمائندہ ایکسپریس) پنجگور میں حالیہ طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد بے سروسامانی کے ساتھ زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں ضلع کونسل پنجگور دیہی علاقوں میں بحالی کے کاموں میں کہیں بھی نظر نہیں آرہا ہے اور نا تاحال اتنے بڑے پیمانے پر نقصانات پر انکی طرف سے کوئی پالیسی بیان سامنے ہے کچے راستے سفر کے قابل نہیں رہے جگہ جگہ بڑے گڑھوں اور پانی کے انجماد سے راستوں پر سفر دشوار ہوچکا ہے حالیہ طوفانی بارشوں سے زمینداروں کے سولر سسٹم بھی طوفانی ہواؤں کی لپیٹ میں آکر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوئے ہیں بعض مقامات پر زمینداروں کے ٹیوب ویلوں کے بور بھی ڈھہ گئے ہیں اور فصلات کو ژالہ باری نے شدید نقصان پہنچایا جبکہ درجنوں مکانات، چاردیواریاں اور زرعی سولر بور تباہ ہوگئے۔ پنجگور کے دیہی علاقوں کے متاثرہ زمینداروں اور عوامی حلقوں نے صوبائی حکومت سے اپیل کی کہ وہ حالیہ طوفانی بارشوں کے متاثرین کی مالی مدد کر کے نقصانات کا ازالہ کرائے انہوں نے کہا کہ ضلع کونسل کو چاہئے تھا کہ وہ نقصانات کا جائزہ لینے اور کچے سڑکوں کی گریڈنگ اور بحالی کے لیے فوری اقدامات اٹھاتا مگر تاحال ضلع کونسل کی طرف سے کوئی ریلیف اور بحالی کے کام نظر نہیں آتے جس کی وجہ سے عوام کو شدید پریشانی ومشکلات کا سامنا ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 APR 2024 Page No. 22

# بلوچستان میں بارشوں سے ہونے والی تباہی

## متعلقہ ادارے بیانات سے بڑھ کر عملی اقدامات کریں

بلوچستان میں طوفان باد و باراں نے تباہی مچادی جس سے اب تک 10 افراد جاں بحق ہو گئے۔ تیز ہواؤں کے ساتھ ہونے والی شدید بارشوں کے باعث گوادر، پسنی، اورماڑہ اور جیونی میں متعدد مکانات گر گئے، آبادیاں زیر آب آگئیں۔ بارشوں کے بعد پہاڑوں سے آنے والے ریلوں سے بھی نقصانات ہوئے۔ کئی سڑکیں بہہ گئی ہیں اور متعدد دیہات کا زمینی رابطہ بھی منقطع ہو گیا۔

پہلے سے وارننگ دی گئی تھی اس کے باوجود مناسب حفاظتی انتظامات نہیں کیے گئے۔ پاکستان میں تقریباً ہر دو تین سال کے بعد ایک بڑا سیلاب آتا ہے اس میں بھی اسی طرح سے تباہی اور بربادی ہوتی ہے۔ قدرتی آفات کو روکا نہیں جا سکتا مگر بروقت اور قبل از وقت حفاظتی انتظامات کر کے نقصان کی شدت کو کم سے کم ضرور کیا جا سکتا ہے۔ کوئٹہ، قلات اور ہرنائی سمیت وسطی بلوچستان میں بھی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ چمن اور شمالی بلوچستان کے مختلف علاقے بھی خلیج سے آئے موسمی نظام کے زیر اثر طوفانی بارشوں کی لپیٹ میں ہیں۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مزید بارشیں ہوں گی۔ متعلقہ محکمے اور انتظامیہ اب بھی جاگ جائے مزید نقصان ہونے سے بچایا جائے اس کے ساتھ ساتھ جو بستیاں آبادیاں شدید نقصان سے دو چار ہو چکی ہیں ان کی بحالی کے فوری طور پر اقدامات بھی کیے جائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: Balochistan Express Quetta

Dated: 20 APR 2024 Page No. 3


# Rains demand action

Over the past seven days, torrential rains have wreaked havoc in Balochistan, claiming the lives of fifteen individuals. While such calamities bring immediate distress and tragedy, they also shed light on critical issues that demand our attention and concerted action. The rains, though devastating in their immediate impact, offer a glimmer of hope for the future of the province's ecology and its people. These rains serve as a wakeup call. While immediate relief efforts are crucial, it's equally important to utilize this opportunity to prepare for future challenges. By embracing sustainable water management practices and promoting climate-resilient agriculture, Balochistan can transform this double edged sword of torrential rains into a source of sustainable development and a brighter future for its people. The precipitation experienced across almost the entire province signifies a rare boon, particularly in a region plagued by water scarcity for years. The replenishment of subsoil water resources presents a unique opportunity for Balochistan to address its chronic water woes. However, to capitalize on this blessing and safeguard against future crises, proactive measures must be taken. One of the most pressing needs is the construction of additional dams and reservoirs. The recent rains underscore the importance of water storage infrastructure to harness and manage precious water resources efficiently. The absence of adequate water storage facilities has long been a stumbling block in Balochistan's development trajectory. Therefore, it is imperative to expedite the building of both immediate and long-term water storage solutions.

The specter of water scarcity has haunted Balochistan for years, manifesting in acute shortages and exacerbating socioeconomic disparities. The current respite offers a window of opportunity to mitigate this cri-

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 APR 2024

Page No. 25


## آواران، ایکسائز اور پولیس کی ناقص کارکردگی منشیات فروشوں کا راج

آواران ٹاؤن سمیت دیگر علاقوں میں منشیات فروش ایک بار پھر سرگرم ایک تو آواران کے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگاری کا شکار ہونے کی وجہ سے مایوس پھیلی ہوئی ہے دوسری جانب منشیات فروشوں کے راج قائم ہے یہی نوجوان بے روزگاری سے تنگ ہوکر منشیات کے لت میں پھنس جاتے ہیں جو بعد میں

**تحریر: ۔شبیر لانگو**

اس ملک کو اور اپنے خاندان کے لئے مصیبت بن جاتے ہیں۔ہمارے اداروں کے ملازمین جن کو اپنے فرائض منصبی سرانجام دینے کے مد میں تنخواہ دی جاتی ہے مگر وہ اس تنخواہ کو اپنے لئے ایک چھوٹا سا گفٹ سمجھ کر اپنے فرائض منصبی ایمانداری کے ساتھ سرانجام دینے تک قاصر رہتے ہیں۔ آواران میں پولیس اور ایکسائز کا جو کام ہے وہ اسکو ایمانداری کے ساتھ سرانجام نہیں دے رہے ہیں۔بلکہ مزید پیسوں کی لالچ دوسرے کام سرانجام دے رہے ہیں پولیس کا کام ہے منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کریں اسی طرح ایکسائز کا اصل کام ہے وہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کریں اور گاڑیوں کے کاغذات چیک کریں دو نمبر گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کاروائی کریں مگر پولیس افسران اور ایکسائز افسران اپنے من پسند اہلکاروں کو آواران کے مختلف چیک پوسٹوں پر تعینات کرکے ایرانی تیل بردار گاڑیوں سے بھتہ خوری میں مصروف ہیں اسی طرح ایکسائز نے بھی ٹاؤن کے اندر لباچ کے علاقے میں ایک چیک پوسٹ لگا کر بھتہ خوری میں مصروف ہے اگر انہی چیک پوسٹوں سے مکمل طور ایک گاڑی بارود اور منشیات سے سے لوڈ آرام کے ساتھ چیک پوسٹوں سے گزرتے ہیں کیونکہ پولیس اور ایکسائز گاڑیوں کو سائیڈ کرکے اپنے پانچ سو یا ہزار روپے وصول کرکے گاڑی کو تلاش کرنے کے بجائے چیک پوسٹ سے کراس کیا جاتے ہیں۔اس سے قبل آواران پولیس اسٹیشن میں ایک نڈر ڈی پی او اللہ بخش بلوچ نے روزانہ کی بنیاد پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن آپریشن کرکے انکے خلاف کارروائی کرتے رہے جب سے نئے ڈی پی او تعینات ہوئے ہے وہ صرف شام کے وقت یہی انتظار میں رہتا ہے کہ جھاؤ چیک پوسٹ گیشکور چیک پوسٹ دراکی چیک پوسٹ سے کتنے رقم آنے والا ہے۔موصوف اتنے بے قرار ہوتا ہے کہ اپنے آفس کے بجائے زیادہ تر اپنے رہائش گاہ میں موجود رہتا ہے اس کا مطلب موصوف کو عوامی مسائل جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا سروکار نہیں ہے وہ صرف اپنے چیک پوسٹوں تک محدود ہے حتی کہ صحافیوں کی جانب سے کئی بار ملاقات کے لیے پیغامات بھی دیئے گئے مگر موصوف اپنے آفس تک آنے کا زحمت نہ کرتے۔ آواران ٹاؤن کے اندر آئے روز زمینداروں کے سولر پینل اور دیگر سامان چوری ہوتے جارہے ہیں۔جرائم پیشہ افراد کے تعداد زیادہ تر ہوتے جارہے ہیں مگر موصوف کو کسی قسم کے مسائل سے سروکار نہیں ہے وہ صرف اپنے رہائش گاہ میں موجود چیک پوسٹوں سے رقم ملنے کا انتظار کررہے ہوتے ہیں۔آواران میں ایکسائز کے اہلکاروں کی وجہ سے منشیات آرام سے آواران شہر تک پہنچ رہے ہیں۔آواران پولیس اور ایکسائز کے افسران ماہانہ لاکھوں روپے بھتہ خوری کررہے ہیں۔اواران کے تحصیل جھاؤ ملکے گیشکور کے مختلف علاقوں میں سینکڑوں کی تعداد منشیات کے اڈے موجود ہیں پولیس اور ایکسائز کے آفیسران کو معلومات ہونے کے باوجود انکے خلاف کارروائی نہیں کی جارہی ہے۔جب ہمارے اہم ادارے کرپشن اور بھتہ خوری میں مصروف رہینگے تو ہمیں منشیات فروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔آواران ایکسائز اور پولیس کو اگر اس سے نہیں روکا گیا تو آواران کے آدھے سے زائد نوجوان منشیات کے عادی ہونگے گھر میں ایک نشئی ملک اور خاندان کو پریشانی میں مبتلا کرے گا۔واضح رہے کی چند روز ایکسائز اہلکاروں نے ایک تیل بردار گاڑی والے سے بھتہ وصول کرنے کے مواقع پر ایک ویڈیو شائع کی گئی ہے آواران کے منتخب ایم پی اے کی موجودگی میں ایکسائز کے اہلکار اس طرح کے حرکات کررہے ہیں جبکہ انکے خلاف کوئی نوٹس نہیں لی جارہی ہے جسکی قابل افسوس کی بات ہے۔صوبائی اسمبلی کے نومنتخب رکن چیئرمین خیر جان بلوچ کو چاہیے کہ وہ سب سے پہلے ایکسائز اور پولیس کے آفسران کا تبادلہ کریں اور انکے جگہ ایماندار افسران کی تعیناتی عمل میں لائی جائے تاکہ منشیات کے روک تھام میں کوئی رکاوٹ نہ بن سکے۔

Daily: Century Express Quetta

Bullet No.______ Dated: 20 APR 2024 Page No.______



کوئٹہ، گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نومنتخب وزراء سے حلف لے رہے ہیں وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی بھی موجود ہیں



گورنر عبدالولی خان کاکڑ سے شیخ جعفر خان مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

92 نیوز کوئٹہ



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ نومنتخب صوبائی کابینہ سے حلف لے رہے، وزیراعلیٰ بھی موجود ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 20 APR 2024 Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں اور ماسٹر پلان کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں اور ماسٹر پلان کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner